
سُنّیو ! فکرِ رضا نہ چھوڑیئے

منظوم کلام

حضرت علامہ مولانا ابوالفتح سید نثار احمد قادری (زید شرفہ)

مدرس و امام و خطیب دارالعلوم امجدیہ کراچی



حضرت مولانا سید نثار احمد اختر القادری صاحب کا یہ

منظوم کلام بزم امجدی رضوی دارالعلوم امجدیہ کراچی کی جانب سے

شائع کردہ مندرجہ بالا کتاب میں شامل کیا گیا ہے

سُنّیو! فکرِ رضا نہ چھوڑیئے

یادِ حق سے جی چُرانا چھوڑیئے
یار کی پیاری ادا نہ چھوڑیئے

چھوڑ دیجے این وآں کی ہر خوشی
پر رضاءِ مصطفٰی نہ چھوڑیئے

مرضیٔ محبوب ہے مرضیٔ رب
ان کی مرضی پر زمانہ چھوڑیئے

ان کا ہے جو اس کو اپنا جانئیے
منکروں سے مجلسانہ چھوڑیئے

ان سے ان کی عترت واصحاب سے
جان جائے پر وفاء نہ چھوڑیئے

نعرۂ تحقیق پر حق چار یار
حیدرِ مُشکل کُشا نہ چھوڑیئے

پنجتن و ازواجِ طاہرات اور
اِحترامِ سیّدہ نہ چھوڑیئے

کھنچیئے پیاروں سے ان کے پیار پر
بے حیاؤں کو کُھلا نہ چھوڑیئے

ان کی خاطر دوستی ودُشمنی
حق ہے حق کا راستہ نہ چھوڑیئے

خارجی و رافضی و ناصبی
قادیانی سے یَرانہ چھوڑیئے

کُھلے بندوں بدعقیدہ ہی نہیں
صُلحِ کُل سے بھی بتانا چھوڑیئے
ردّ باطل اہلِ سُنّت کا طریق
راہ حق سے ڈگمگانا چھوڑیئے
گُمرَہ و بے دین و بے مَشرب سے اب
مِن مِنانا مِل مِلانا چھوڑیئے
دیکھیئے لَا تَلبِسُوا لا تکتُمُوا
چھوڑیئے اب حق چھپانا چھوڑیئے
میرے بھائی! میرے اپنے! میری سن
غیر کی سُننا سُنانا چھوڑیئے
کنزالایمان و فتاوی امجدی
اور فتاوی رَضوِیَہ نہ چھوڑیئے
سُن بَہارِ شَرع وتَمہید و حُسام
غیر کی باتوں میں آنا چھوڑیئے
جادۂ شرعِ نبی پہ لوٹ آ
ھِن ھِنانا ھُن ھُلانا چھوڑیئے
قادری و سہروردی، نقش و چشت
سُنّیو! فکر رضا نہ چھوڑیئے
قادیانی و وہابی ہی نہیں
صُلحِ کُل سے دوستانہ چھوڑیئے
بُھولتا ہے کیوں؟ رَوِشِ بِن اُبی
مکر میں اب اِن کے آنا چھوڑیئے

حق نہیں محتاجِ شخصِ این وآں
حق کو پشت اپنی دکھانا چھوڑیئے

مُنحرفِ خیر سے اُمیدِ خیر
شر ہے، شر سے دل لگانا چھوڑیئے

اُڑ نہ جائے طوطیٔ ایماں ترا
شاخِ شجرہ کو جُھکانا چھوڑیئے

صحبتِ دیوِ لعیں سے بدتریں
صُلحِ کُلّی سے نبھانا چھوڑیئے

ہو چکا جو لیلیٔ دیوِ لعیں
اب تو اس کے گیت گانا چھوڑیئے

حُبُّہٗ یُعمِی یُصِم لاریب فیہ
گُمرہی کی سمت جانا چھوڑیئے

ظفریابی سے مبارک اور رفیع
ہو کے لائق، ہر بہانہ چھوڑیئے

رَاهرَوِ رَبحا نتَینِ مُصطفٰے
غیرِ رحٰمٰں کو منانا چھوڑیئے

بحرِ ذَخّارِ رضاء و امجدی
فیض پر ہے، دُور جانا چھوڑیئے

مرکزِ علم و ادب امجدیہ کی
راہ میں کانٹے بچھانا چھوڑیئے

ردِّ باطل اور بیانِ حق نماء
فکر ہے فکرِ رضاء نہ چھوڑیئے

دشمنِ دیں بدتر از اعداء جاں
یہ جلا ہے، وہ جلانا چھوڑیئے
کیجیے پیغامِ حق پہ جاں نثار
کہہ رہا ہے کیا زمانہ چھوڑیئے
سُنّی سُنّی ایک ہوں وَاعتَصِمُوا
آپسی ٹکڑے کرانا چھوڑیئے
یا نبی یا غوث یا داتا وخواج
اپنے منگتوں پہ نِگا نہ چھوڑیئے
اَ یُّھَا ا لعُلَمآ ءُ وَ المَشآ ئِخُ
علمِ شہ احمد رضا ءنہ چھوڑیئے
دیکھیے درسِ عقائد بار بار
فرضِ منصب کی ادا نہ چھوڑیئے
ساکتِ حق اخرسِ شیطان است
مُلجَمُ نارِ بُھلا نا چھوڑیئے
اختری و امجدی رضوی نثار
راہ مُرشد سے وفا نہ چھوڑیئے

نتیجہ فکر:

حضرت علامہ مولانا ابوالفتح سید نثار احمد قادری (زید شرفہ)

مدرس وامام وخطیب دار العلوم امجدیہ، کراچی